© rasailojaraid.com



ادارہ

# تعارف و تبصرہ

تاریخ مکۃ المکرمہ — تالیف: محمد عبدالمعبود — ضخامت: ۴۸۰، سائز $\frac{۲۳ \times ۳۶}{۱۶}$

کتابت و طباعت نفیس — قیمت: مجلد پلاسٹک کور ۳۰ روپے

ناشر: مکتبۃ الحبیب۔ پھولوں والی مسجد۔ رحمان پورہ۔ راولپنڈی

مکہ مکرمہ کا مقدس شہر جو نہ صرف کرہ ارضی کی تخلیق کا موجب ہے۔ بلکہ کروڑوں مسلمانوں کا قبلہ وجوہ بھی ہے جس کے ساتھ ایمانی، روحانی، مذہبی، ملی، تاریخی اور تہذیبی یادیں وابستہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس شہر کو ایسی عدیم النظیر عظمت و جلالت سے سرفراز فرمایا کہ تمام روئے زمین کے بلاد و امصار پر فضل و مجد میں گوئے سبقت لے گیا ہے۔ اس کی فقید المثال بزرگی و برتری اس بات سے ظاہر ہے کہ رب کائنات نے اپنے جلیل القدر گھر "بیت اللہ" کے لئے اسی خشک و سنگلاخ سرزمین کو منتخب فرمایا۔ یہ بستی ایسی ذی وجاہت اور پر شکوہ ہے کہ آج تک غیر مسلم اقوام کے حملہ سے محفوظ و مامون رہی ہے۔ اگر کسی بد باطن نے اس پر حملہ آور ہونے کا عزم کیا تو وہ ابرہہ کی طرح صفحہ ہستی سے مٹا دیا گیا۔

اگرچہ سیدنا آدم علیہ السلام نے عبادت کے لئے سب سے پہلا گھر اسی دلربا شہر میں تعمیر فرمایا تھا لیکن سیدنا ابراہیم خلیل اللہ اور سیدنا اسمٰعیل ذبیح اللہ علیہما السلام کی تعمیر نو نے اس کے شرف و مجد کو چار چاند لگا دیئے مزید برآں سرورِ کونین رحمت دارین حبیب خدا اشرف انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت نے اس کی عظمتوں، رفعتوں اور برکتوں کو اور بھی دوبالا کر دیا۔

مکہ معظمہ کے حالات واقعات پر عربی زبان میں بڑی بڑی مبسوط کتابیں موجود ہیں۔ مگر اردو زبان میں اس موضوع پر اب تک کوئی قابلِ ذکر کتاب دیکھنے میں نہیں آئی۔ فاضل مؤلف نے انتہائی محنت، کاوش اور عرق ریزی سے لاکھوں صفحات پر بکھرے ہوئے انمول موتیوں کو جمع فرما کر تاریخ اسلام میں ایک سنہرے باب کا اضافہ کر دیا ہے۔

موصوف نے مکہ معظمہ کی تہذیبی، تمدنی، معاشرتی، ارتقائی اور جغرافیائی مکمل تاریخ پوری شرح و بسط اور تفصیل کے ساتھ ارقام فرمائی ہے۔ علاوہ ازیں غیر مسلم مورخین جو کعبۃ اللہ اور مکہ مکرمہ پر بے بنیاد اعتراضات کرتے رہے ہیں ان کے انتہائی ٹھوس اور مدلل جوابات انہی کی کتابوں سے دئیے ہیں۔ زیر نظر کتاب انتہائی جامع، مدلل اور مفصل نادر اور نایاب تاریخی دستاویزات کا قابلِ قدر مرقع ہے۔ جو ظاہری اور معنوی حسن و زیبائش سے مزین ہے۔

مؤلف کا یہ نقشِ ثانی ہے جبکہ نقش اول تاریخ المدینۃ المنورہ کو اس قدر پذیرائی نصیب ہوئی کہ تھوڑے ہی عرصہ میں دوسرا ایڈیشن بھی ختم ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ موصوف کی اس سعی کو مشکور فرمائے۔ اور عامۃ الناس کو اس سے مستفید فرمائے۔ اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا ضروری اور انتہائی مفید ہے۔

© rasailojaraid.com